NYC Public Schools

# این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

查看本文件的中文版 | এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
이 문서를 한국어로 보기 | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | Consultez ce document en français
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں | Consulte este documento en español

**schools.nyc.gov/MessagesForFamilies**

## نومبر 2024

اہل خانہ کے لیے یہ تازہ ترین اہم معلومات تجدید کردہ تعلیمی سال کلینڈر، کنڈرگارٹن اندراج، آنے والی مڈل اور ہائی اسکول کے داخلوں کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخوں، ریموٹ لرننگ رہنمائی اور نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کے لیے سائن اپ کرنے کے بارے میں ہے۔

---

## مندرجات


- موسم سرما تعطیلات کلینڈر کے بارے میں تازہ ترین اہم معلومات
- کنڈرگارٹن داخلے 10 دسمبر کو کھلیں گے
- یاددہانی-آنے والی داخلوں کی آخری تاریخیں
- ریموٹ لرننگ رہنمائی
- نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA)


---

## موسم سرما تعطیلات کلینڈر کے بارے میں تازہ ترین اہم معلومات

پچھلے مہینے، ہم نے اعلان کیا تھا کہ 25-2024 کے پچھلے تعلیمی کلینڈر کے شیڈول کے مطابق **پیر، 23 دسمبر** — ایک اسکول دن تھا—اب یہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) طلباء کے لیے ایک چُھٹی کا دن ہو گا۔ یہ تبدیلی طلباء، عملے اور ان کے خاندان کو مصروف تہواروں کے موسم میں آپس میں زیادہ وقت صرف کرنے کا موقع دے گی، پھر بھی ہمیں ہمارے تعلیمی سال کے لیے مطلوب 180 دن مکمل کرنے کا موقع مل جائے گا۔ آپ ہمارے کلینڈر کے تازہ ترین اشاعت کو NYCPS کی ویب سائٹ **schools.nyc.gov/calendar** پر دیکھ سکتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اپنی موسم سرما کی توسیع کردہ تعطیلات سے لطف اندوز ہوں گے!

---

## کنڈرگارٹن کے داخلے 10 دسمبر سے کُھل رہے ہیں

**منگل۔ 10 دسمبر** سے شروع، نیویارک شہر کے بچے جو 2020 میں پیدا ہوئے تھے خزاں 2025 کے کنڈرگارٹن داخلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ آپ **MySchools.nyc** میں کنڈرگارٹن قابل اور ہنر مند (G&T) اور دوہری زبان پروگراموں کو اپنے بچے کی درخوست میں شامل کر سکتے ہیں؛ G&T اہلیت کا تعین آپ کے درخواست دینے کے بعد کیا جائے گا۔ اس سال کے کنڈرگارٹن داخلہ کے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہمارے باضابطہ "کنڈرگارٹن" ویب پیج **schools.nyc.gov/K** پر جائیں۔

خزاں 2025 کنڈرگارٹن کے لیے درخواست **جمعہ، 24 جنوری، 2025** کو بند ہو رہی ہے۔

---

## یاددہانی: داخلوں کی آنے والی آخری تاریخیں

دسمبر کے اوائل میں داخلوں کی دو اہم آخری تاریخیں آ رہی ہیں۔ خزاں 2025 کے لیے ہائی اسکول درخواست **بدھ، 4 دسمبر** کو بند ہو جائے گی، اور خزاں 2025 کے لیے مڈل اسکول درخواست **جمعہ، 20 دسمبر** کو بند ہو جائے گی۔ اپنی درخواست کس طرح جمع کروانی ہے اور ہر طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/Admissions** پرجائیں۔

---

## ریموٹ لرننگ رہنمائی

اب جبکہ سرما کی تعطیلات نزدیک آ رہی ہیں، یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اگر اسکول کی عمارتوں کو خراب موسم کی وجہ سے بند کرنا لازمی ہو جائے، کنڈرگارٹن اور اس سے اونچے گریڈز کے طلباء گھر سے ریموٹ لرننگ میں شرکت کریں گے۔ وہ بچے جو LYFE یا ایک 3K یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں کسی ایلیمنٹری اسکول یا پری کنڈرگارٹن مرکز میں جا رہے ہیں انہیں اپنے پروگرام کے تشکیل کردہ ریموٹ لرننگ تجربات کے تحت حصہ لینا چاہیے۔

اگر آپ کے بچے کو اب بھی NYCPS کی جانب سے ایک مستعار کردہ قابل استعمال آلے (ڈیوائس) کی ضرورت ہے، آپ اسے اپنے اسکول سے براہِ راست مانگ سکتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ اپنے مستعار کردہ آئی پیڈ یا لیپ ٹاپ کو کیسے استعمال کرنا ہے **schools.nyc.gov/ipad** پر رہنمائی حاصل کریں۔

آپکے بچے کو ریموٹ لرننگ میں حصہ لینے کے لیے جن وسائل کی ضرورت ہے ان سے اپنے آپ کو قبل از وقت مانوس کریں:

- **NYCPS طالب علم اکاؤنٹس** (جسے محکمہ تعلیم اکاونٹ بھی کہا جاتا ہے) کے ذریعے طلباء NYCPS کے تمام ٹیکنالوجی پلیٹ فارمز تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جن کی انہیں ریموٹ لرننگ کے لیے ضرورت ہو گی، اس کی تشکیل آپ کے بچے کے اسکول میں اندراج کروانے پر خود بخود ہو جاتی ہے۔ اس NYCPS طالب علم اکاونٹ کو استعمال کرنے سے، طلباء اور اہل خانہ NYCPS کے تمام ڈیجیٹل تدریسی آلات سے ایک واحد لاگ اِن کے ذریعے مربوط ہو جاتے ہیں۔ مزید **schools.nyc.gov/StudentAccounts** پر جائیں۔
    - اگر آپ اپنے بچے کے NYCPS اکاونٹ کے صارف نام اور پاس ورڈ کے بارے میں غیر یقینی ہیں، برائے مہربانی **selfservice.schools.nyc** پر جائیں یا معاونت کے لیے اپنے اسکول سے کہیں۔
- NYCPS کے زیر استعمال ڈیجیٹل لرننگ ٹولز، ایپلیکیشنز اور پلیٹ فارم کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/DigitalLearning** پر جائیں۔

---

## نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA)

**این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA)** پر سائن اپ ہونے کے لیے **schools.nyc.gov/NYCSA** پر دی گئی ہدایات ہر عمل کریں۔ آپ اپنے بچے کے گریڈز، ذرائع نقل و حمل، حاضری، انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) (اگر قابل اطلاق ہو) اور دیگر تازہ ترین معلومات کے لیے NYCPS استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ یہ بھی کر سکتے ہیں:

- اپنے بچے کے اسکول کے لیے ڈیجیٹل فارمز مکمل کر کے دستخط کریں۔
- خاندانوں کے لیے NYCPS کے فراہم کردہ وسائل جیسے والدین یونیورسٹی (**parentu.schools.nyc**) اور SupportHub (**supporthub.schools.nyc**) تک رسائی حاصل کریں
- والدین کے گروپس جیسے کہ کمیونٹی اور شہرگیر تعلیمی کونسلیں (CCECs) اور اپنے اسکول کی انجمنِ والدین / والدین اساتذہ کی انجمن (PA/PTA) سے معلومات حاصل کریں۔

---